© rasailojaraid.com

ادارہ



# تعارف وتبصرہ کتب

کتاب: اشاریہ (محرم ۱۴۱۹ھ تا ذوالحجہ ۱۴۳۱ھ رمئی ۱۹۹۸ء تا دسمبر ۲۰۱۰) ماہنامہ القاسم خالق آباد نوشہرہ

مرتب: محمد شاہد حنیف (انچارج شعبہ رسائل وجرائد ماہنامہ محدث لاہور) ضخامت: ۲۱۸ صفحات۔ قیمت درج نہیں

ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ خالق آباد ضلع نوشہرہ۔ خیبر پختونخوا پاکستان

ملک وملت کے نامور ادیب وخطیب اور مشہور اہل قلم مولانا عبدالقیوم حقانی صاحب کا نام سنتے ہی قرطاس وقلم ذوق مطالعہ شوق تحریر، تصنیف وتالیف وعظ وتذکیر اور تبلیغ وتدریس کا نقشہ دل ودماغ پر مرتسم ہو جاتا ہے کیونکہ ان تمام مختلف النوع میدانوں میں آپ یکساں طور پر مصروف کار ہیں، جس پر بجا طور پر عقل انسانی دنگ رہ جاتی ہے لیکن یہ خدا کی دین ہے یہ انسان کے بس کی بات نہیں۔ اللہ نے آپ کو موفق من اللہ قلم سے نوازا ہے، اس لئے سال کے اندر آپ کی پانچ چھ تصانیف منصۂ شہود پر آتی ہیں۔ ___ جامعہ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک میں آپ نے تدریس کے ساتھ ساتھ ماہنامہ الحق کی ادارت سنبھالی اور تقریباً ۱۵ رسال تک نہایت احسن طریقے سے اس بارگراں سے عہدہ براہوئے۔ اس کے بعد جب آپ نے اپنے ادارہ جامعہ ابوہریرہ کی بنیاد رکھی تو وہاں سے ۱۴۱۹ھ ر۱۹۹۸ء میں القاسم کے نام سے ماہنامہ جریدے کا اجراء کیا۔ اور آج تک بغیر کسی تاخیر وتوقیف کے اس کی اشاعت تسلسل اور تواتر سے جاری ہے۔ اسی دوران آپ نے اس کی مختلف خصوصی اشاعتیں شائع کیں جو کہ علمی اور مطالعاتی دنیا سے بھرپور خراج تحسین وصول کر چکی ہیں اور یہ بات بے جانہ ہوگی کہ ماہنامہ القاسم کی خصوصی اشاعتوں کی تعداد دیگر تمام معاصر مجلات سے زیادہ ہے۔

زیر تبصرہ کتاب ماہنامہ القاسم کے ۱۲ رسال میں شائع ہونے والے ۱۲۸ رشماروں کے ۱۰۶۲۶ ر صفحات میں ۱۰۰ مصنفین کے ۲۵۰۰ مقالات ونگارشات اور ایک ہزار کے قریب کتابوں پر تبصروں کا ایک سو موضوعات پر مشتمل اشاریہ ہے۔ جسے جناب محمد شاہد حنیف صاحب (انچارج شعبہ رسائل وجرائد ماہنامہ محدث لاہور) نے جدید اور تحقیقی انداز میں مرتب کیا ہے۔ موصوف کو اللہ تعالیٰ نے اس باب میں خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے۔ آپ نے کئی رسائل وجرائد کے اسی انداز میں انڈکس اور اشاریئے ترتیب دیئے ہیں۔ حال ہی میں آپ نے ماہنامہ ''الحق'' اکوڑہ خٹک کا پینتالیس سالہ اشاریہ بھی ترتیب دیا ہے جو دیدہ زیب اور اعلیٰ کاغذ پر زیور طباعت سے آراستہ ہو چکا ہے۔

مرتب عمومی وضاحت کے ضمن میں رقمطراز ہیں: تمام موضوعات کو مختلف موضوعات میں تقسیم کر کے درج کیا گیا ہے۔ کسی بھی موضوع پر اپنا مطلوبہ مواد دیکھنے کیلئے ابتداء میں دی گئی، فہرست پر نظر ڈال لی جائے تو مطلوبہ موضوع

© rasailojaraid.com